# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ معاشیات)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: معاشیات (315) — سمسٹر: بہار 2014

سطح: بیچلر — کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر 40

## امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ نمبر 1-5)

سوال نمبر 1- (الف) خالی جگہیں پر کیجئے۔ (10)

(i) جہاں کوئی کام رک جائے اس حد کو حد۔۔۔۔۔۔۔ کہا جاتا ہے۔

(ii) آمدنی کا وہ حصہ جو خرچ ہو جائے ۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(iii) اگر تین روٹیوں کا کل افادہ 27 اکائی ہو تو اوسط افادہ =۔۔۔۔۔۔۔ ہوگا۔

(iv) نقطی لچک کی پیائش کا فارمولا = ۔۔۔۔۔۔ اور قوسی لچک کی پیائش کا فارمولا = ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(v) جن اشیاء کی قیمت میں معمولی تبدیلی ان کی رسد میں غیر معمولی تبدیلی پیدا کرے تو ان کی رسد۔۔۔۔۔۔ کہلاتی ہے۔

(ب) مندرجہ ذیل بیانات میں صحیح یا غلط کی نشاندہی کیجئے۔ (10)

(i) الفریڈ مارشل اپنی معاشیات کی تعریف میں دولت کو افضل اور اعلیٰ مقام نہیں دیتا۔ صحیح /غلط

(ii) رابنز نے اپنی معاشیات کی تعریف میں انسانی فلاح و بہبود کو بنیاد بنایا ہے۔ صحیح /غلط

(iii) معاشی قوانین اخذ کرنے کے پانچ طریقے ہیں۔ صحیح/غلط

(iv) استقرائی طریقے میں ہم خاص سے عام کی طرف پیش قدمی کرتے ہیں۔ صحیح/غلط

(v) رسد اور ذخیرہ ایک ہی چیز کے دو نام ہیں صحیح/غلط

سوال نمبر 2-  علم معاشیات سے متعلق پروفیسر رابنز کی تعریف بیان کریں۔ نیز اس تعریف کا ایک تقابلی جائزہ مارشل اور آدم سمتھ کی پیش کردہ تعریفوں سے کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3-  نظام اسلامی معیشت اور سرمایہ داری کی تعریف کیجئے۔ نیز ان دونوں نظاموں میں جو فرق ہے واضح کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4-  قانون تقلیل افادہ مختتم کی تعریف کیجئے۔ نیز اس قانون کے مفروضات اور مستثنیات بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5-  مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھئے۔

(الف) رسد کی لچک کی پیمائش (10)

(ب) قانون طلب اور اس کے مفروضات (10)

**کل نمبر: 100**

**کامیابی کے نمبر 40**

## امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ نمبر 6-9)

سوال نمبر 1-  (الف) خالی جگہیں پر کیجئے۔ (10)

(i) ــــــــ سرمایہ بار بار ایک عرصہ تک پیدائش کے عمل میں استعمال کیا جاتا ہے۔

(ii) اپنے چھوٹے بھائی کو پڑھانا ــــــ شمار نہ ہوگا۔

(iii) محنت کی استعداد کار کی پیمائش کے لئے ــــــ امور ذہن میں رکھنے چاہئیں۔

(iv) صنعتی انقلاب کی وجہ سے مالتھس کا نظریہ آبادی مغربی ملکوں میں ــــــ ہو چکا ہے۔

(v) اجارہ داری کے تحت ــــــ کا کچھ حصہ تحقیق و تجربہ پر خرچ کیا جاتا ہے۔

(ب) مناسب بیان کی نشاندہی کیجئے۔ (10)

(i) وہ فرد جو کام کرنے کا اہل اور خواہش مند ہو لیکن جس کیلئے کام موجود نہ ہو بے روزگار کہلاتا ہے۔ — ہاں / نہیں

(ii) ٹیکسوں میں اضافہ سے صرف کا کیا حال ہوگا؟ — کم / بلند

(iii) اگر کوئی کام تکمیل پر پہنچا ہو جس میں انسان، جانور اور مشین نے مل کر کام کیا ہو تو آپ کس کو محنت کہیں گے؟

مشین / جانور / انسان

(iv) ناظم کا وجود اگر نہ ہوتا تو عاملین پیدائش کا کیا بنتا؟ — یکجا ہوتے / یکجا نہ ہوتے

(v) منڈی کے لوازمات میں آپ کس کو شامل کریں گے؟ — حکومت / وقت / قیمت

سوال نمبر 2-  سرمایہ اور زمین میں کیا فرق ہے؟ نیز سرمایہ کے ذرائع پر ایک نوٹ لکھئے۔ (20)

سوال نمبر 3-  تنظیم کی تعریف و اہمیت، ناظم کا مدعا اور فرائض نیز اس کے فیصلے اور اس کے فوائد اور نقصانات پر ایک سیر حاصل بحث قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4-  آبادی کی اہمیت بیان کیجئے۔ نیز تفریط آبادی کے مسائل بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5- منڈی کا مفہوم بیان کیجئے۔ نیز ماہرین معاشیات مقابلہ کے لحاظ سے منڈی کو جس طرح تقسیم کرتے ہیں اُس کی وضاحت کیجئے۔ (20)

**کل نمبر: 100**

**کامیابی کے نمبر 40**

## امتحانی مشق نمبر 3

## (یونٹ نمبر 10-13)

سوال نمبر 1- (الف) خالی جگہیں پر کیجئے۔ (10)

(i) بیرونی کفائتیں وہ فوائد ہیں جن سے تمام ------- مستفید ہوتے ہیں۔

(ii) قانون تقلیل حاصل کا خط انتہائی نقطے سے ------- کی طرف گرتا جاتا ہے۔

(iii) جب اوسط لاگت گرتی جاتی ہے تو مختتم لاگت اس سے بھی زیادہ -------- سے گرتی ہے۔

(iv) عاملین پیدائش کے استعمال سے اگر مختتم پیداوار مسلسل گرتی چلی جائے تو اسے قانون ------- کہتے ہیں۔

(v) فرم اس وقت توازن میں ہوگی جہاں اس کی مختتم وصولی اس کے ------- کے برابر ہو۔

(ب) درست بیان کی نشاندہی کیجئے۔ (10)

(i) معمولی منافع کی صورت میں نئی فرمیں صنعت میں داخل ہونا پسند کرتی ہیں۔ ہاں / نہیں

(ii) اگر مخصوص عاملین پیدائش کی مدد سے پہلی مرتبہ بارہ میٹر کپڑا حاصل ہو، اس کے بعد دس میٹر پھر آٹھ میٹر تو کیا اسے قانون یکساں حاصل کہہ سکتے ہیں؟ ہاں / نہیں

(iii) مکمل منڈی میں مختتم وصولی کا خط اوسط وصولی کے خط سے نیچے رہتا ہے۔ ہاں / نہیں

(iv) غیر مکمل مقابلہ میں فرم کی اوسط وصولی اس کی مختتم وصولی کے برابر ہوتی ہے ہاں / نہیں

(v) پیمانہ کبیر کا کاروبار طویل مدت تک زندہ سلامت رہتا ہے۔ کیا یہ بیان درست ہے؟ ہاں / نہیں

سوال نمبر 2- پیمانہ پیدائش سے کیا مراد ہے؟ نیز پیمانہ کبیر کے فوائد اور نقصانات پر روشنی ڈالئے۔ (20)

سوال نمبر 3- قوانین حاصل کی تعریف کیجئے۔ نیز قانون تکثیر حاصل کی ایک مکمل اور ڈائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4- فرم کی کل پیداوار، اوسط پیداوار اور مختتم پیداوار کی تعریف کیجئے۔ نیز اوسط پیداوار اور مختتم پیداوار کے باہمی تعلق کی وضاحت ایک گوشوارہ اور ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5- مکمل مقابلہ کے تحت فرم کے توازن کی وضاحت مندرجہ ذیل صورتوں میں کیجئے۔

(الف) جب فرم معمولی نفع کما رہی ہو۔ (10)

(ب) جب فرم معمولی نقصان اٹھا رہی ہو۔ (10)

کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر 40

## امتحانی مشق نمبر 4

## (یونٹ نمبر 14-18)

سوال نمبر 1- (الف) خالی جگہیں پر کیجئے۔ (10)

(i) اجارہ داری میں صرف ایک فرم ------ مہیا کرتی ہے۔

(ii) اگر کسی عامل پیدائش کی مختتم پیداوار اُس کے معاوضے سے زیادہ ہوتو ناظم اس کو کام پر ------ گا۔

(iii) لگان کے تعین کا مشہور نظریہ ------ نے پیش کیا تھا۔

(iv) جدید نظریہ کے تحت شرح اجرت جتنی کم ہوگی، عاملین کی رسد اتنی ہی ------ ہوگی۔

(v) اشتراکی نظام معیشت میں اشیاء بنانے اور اسے استعمال کرنے کی ------ نہیں ہوتی ہے۔

(ب) مناسب بیان کی نشاندہی کیجئے۔ (10)

(i) اجارہ داری اور مکمل مقابلہ ایک دوسرے کے مترادف ہوتے ہیں۔ صحیح / غلط

(ii) جب اوسط پیداوار زیادہ سے زیادہ ہوتو ------ اس کے برابر ہوتی ہے۔ صحیح / غلط

(iii) ریکارڈو نے ہی مثل لگان کا نظریہ پیش کیا۔ صحیح / غلط

(iv) کس اجرت سے کسی شخص کے معیار زندگی کے بارے میں زیادہ صحیح معلومات مل سکتی ہیں؟ حقیقی اجرت / متعارفہ اجرت

(v) کس نظام معیشت میں زیادہ سے زیادہ منافع کو اہمیت دی جاتی ہے؟ اسلامی نظام / سرمایہ دارانہ نظام / اشتراکیت

سوال نمبر 2- اجارہ دارانہ مقابلہ کے تحت فرم کے توازن کی وضاحت ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے۔ نیز اس کے نقصانات بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3- عاملین پیدائش کے معاوضوں کے تعین کا مختتم پیداواری نظریہ بیان کیجئے۔ نیز اس نظریہ کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4- لگان کی تعریف کیجئے۔ نیز ریکارڈو کا نظریہ لگان کی وضاحت کیجئے۔ نیز اس نظریہ کے مفروضات بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5- زکوٰۃ و عشر کا مفہوم بیان کیجئے۔ نیز نصاب زکوٰۃ اور مصارف زکوٰۃ پر ایک نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)